روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 10 فروری 2006ء 11 محرم 1427 ہجری 10 تبلیغ 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 30

دکھوں کا فلسفہ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جس کو اللہ تعالیٰ بھلائی پہنچانا چاہتا ہے تو اس کو مشکل میں مبتلا کرتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب المرضیٰ باب کفارۃ المرض حدیث نمبر 5213)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دنیا میں دو قسم کے دکھ ہوتے ہیں۔ بعض دکھ اس قسم کے ہوتے ہیں کہ ان میں تسلی دی جاتی ہے اور صبر کی توفیق ملتی ہے فرشتے سکینت کے ساتھ اترتے ہیں۔ اس قسم کے دکھ نبیوں اور راستبازوں کو بھی ملتے ہیں اور وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے بطور ابتلاء آتے ہیں (۔) ان دکھوں کا انجام راحت ہوتا ہے اور درمیان میں بھی تکلیف نہیں ہوتی کیونکہ خدا کی طرف سے صبر اور سکینت ان کو دی جاتی ہے مگر دوسری قسم دکھ کی وہ ہے جس میں یہی نہیں کہ دکھ ہوتا ہے بلکہ اس میں صبر و ثبات کھویا جاتا ہے۔ اس میں نہ انسان مرتا ہے نہ جیتا ہے اور سخت مصیبت اور بلا میں ہوتا ہے۔ یہ شامت اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے (۔) اور اس قسم کے دکھوں سے بچنے کا یہی طریق اور علاج ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے کیونکہ دنیا کی زندگی چند روزہ ہے اور اس زندگی میں شیطان اس کی تاک میں لگا رہتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ اس کو خدا سے دور پھینک دے اور نفس اس کو دھوکا دیتا رہتا ہے کہ ابھی بہت عرصہ تک زندہ رہنا ہے لیکن یہ بڑی بھاری غلطی ہے۔ اگر انسان اس دھوکے میں آ کر خدا تعالیٰ سے دور جا پڑے اور نیکیوں سے دستکش ہو جاوے۔ موت ہر وقت قریب ہے اور یہی زندگی دارالعمل ہے۔ مرنے کے ساتھ ہی عمل کا دروازہ بند ہو جاتا ہے اور جس وقت یہ زندگی کے دم پورے ہوئے پھر کوئی قدرت اور توفیق کسی عمل کی نہیں ملتی خواہ تم کتنی ہی کوشش کرو مگر خدا تعالیٰ کو راضی کرنے کے واسطے کوئی عمل نہیں کر سکو گے اور ان گناہوں کی تلافی کا وقت جاتا رہے گا اور اس بدعملی کا نتیجہ آخر بھگتنا پڑے گا۔

خوش قسمت وہ شخص نہیں ہے جس کو دنیا کی دولت ملے اور وہ اس دولت کے ذریعہ ہزاروں آفتوں اور مصیبتوں کا مورد بن جائے بلکہ خوش قسمت وہ ہے جس کو ایمان کی دولت ملے اور وہ خدا کی ناراضگی اور غضب سے ڈرتا رہے اور ہمیشہ اپنے آپ کو نفس اور شیطان کے حملوں سے بچاتا رہے کیونکہ خدا تعالیٰ کی رضا کو وہ اس طرح پر حاصل کرے گا۔ مگر یاد رکھو کہ یہ بات یونہی حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ تم نمازوں میں دعائیں کرو کہ خدا تعالیٰ تم سے راضی ہو جاوے اور وہ تمہیں توفیق اور قوت عطا فرمائے کہ تم گناہ آلود زندگی سے نجات پاؤ۔ کیونکہ گناہوں سے بچنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کی توفیق شامل حال نہ ہو اور اس کا فضل عطا نہ ہو اور یہ توفیق اور فضل دعا سے ملتا ہے۔ اس واسطے نمازوں میں دعا کرتے رہو کہ اے اللہ ہم کو ان تمام کاموں سے جو گناہ کہلاتے ہیں اور جو تیری مرضی اور ہدایت کے خلاف ہیں بچا اور ہر قسم کے دکھ اور مصیبت اور بلا سے جو ان گناہوں کا نتیجہ ہے بچا اور سچے ایمان پر قائم رکھ (آمین) کیونکہ انسان جس چیز کی تلاش کرتا ہے وہ اس کو ملتی ہے اور جس سے لاپروائی کرتا ہے اس سے محروم رہتا ہے۔ جوئندہ یابندہ مثل مشہور ہے مگر جو گناہ کی فکر نہیں کرتے اور خدا تعالیٰ سے نہیں ڈرتے وہ پاک نہیں ہو سکتے۔ گناہوں سے وہی پاک ہوتے ہیں جن کو یہ فکر لگی رہتی ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 607)

یوم مصلح موعود

امراء اضلاع، صدران، جماعت اور مربیان و معلمین سلسلہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ 20 فروری کو یوم مصلح موعود کی مناسبت سے پروگرام منعقد کر کے احباب جماعت کو معلومات بہم پہنچائیں اور اپنی رپورٹ بھجوا کر ممنون فرماویں۔

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

درخواست دعا

محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تحریر فرماتے ہیں کہ مکرم ناصر احمد پرویزی صاحب کا کینیڈا میں دائیں آنکھ کے موتیا کا آپریشن ہوا تھا جو بگڑ گیا ہے اب ایک اور زیادہ پیچیدہ آپریشن ہو رہا ہے ان کی نظر کی بحالی، آپریشن کی کامیابی اور مزید پیچیدگیوں سے محفوظ رہنے کیلئے درخواست دعا ہے۔

ماہر امراض سینہ وسانس کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالسلام رفیق صاحب (Pulmonologist) ماہر امراض سینہ و سانس امریکہ سے تشریف لا رہے ہیں اور وہ مورخہ 28 تا 25 فروری 2006ء فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورتمند احباب شعبہ پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنا وقت حاصل کریں مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔ وزیٹنگ فیکلٹی (Visiting Faculty) کا اعلان اس ویب سائٹ پر بھی کیا جاتا ہے۔

www.foh-rabwah.org

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

AACP کا سالانہ کنونشن

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اللہ کے فضل کے ساتھ مورخہ 11-12 مارچ 2006ء کو اپنا نواں سالانہ کنونشن ایوان محمود میں منعقد کر رہی ہے۔ کنونشن میں انشاء اللہ کمپیوٹر فیلڈ کے ماہرین کی بڑی تعداد شرکت کرے گی نیز کمپیوٹر فیلڈ

(باقی صفحہ 11 پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 371

تلاش حق میں کامیابی

حضرت چودھری غلام احمد صاحب کاٹھگڑھی کی دلچسپ سرگزشت حضرت شیخ یعقوب علی صاحب مدیر الحکم کے ادارتی نوٹ کے ساتھ۔

ذیل میں چودھری غلام احمد صاحب رئیس کاٹھ گڑھ کی ایک چھٹی درج کرتا ہوں جو انہوں نے اپنے حالات کے متعلق لکھی ہے۔ چودھری صاحب جیسا کہ خود انہوں نے ظاہر کیا ہے وہ سرسید مرحوم کے دلدادہ تھے اور جہاں تک مجھے علم ہے ان کے کاموں میں بہت بڑی مدد دیا کرتے تھے۔ اس پیرانہ سالی میں خدا تعالیٰ نے انہیں توفیق دی ہے کہ وہ سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ ایڈیٹر

میں کچھ مختصر سا حال اپنے عقائد و اعمال مذہبی کا عرض کرتا ہوں۔ میں سن تمیز کو پہنچ کر وہابی عقائد کا بڑی مضبوطی اور استقلال سے معتقد رہا۔ پھر سید احمد خان کی تحریرات نکلنی شروع ہوئیں تو ان کو ہی بلا تعصب مطالعہ کرتا رہا اور بہت سی باتوں کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتا رہا۔ مگر جب اخیر نتیجہ پر غور کیا تو عملی حالت دن بدن بگڑتی نظر آئی گو دونوں صاحبان (مولوی محمد اسماعیل شہید اور سید احمد خان) کی تحقیقات سے مسلمانوں کے عقائد کی تو بہت کچھ اصلاح ہوگئی مگر عملاً اور بھی خراب ہوتی گئی۔ اب دل میں یہ سوچ پیدا ہوئی کہ اللہ تعالیٰ اپنی کلام پاک میں اس دین کی حفاظت کا وعدہ فرماتا ہے۔ مگر اس کا ایفا کب ہوگا؟ ...... میں مرزا صاحب کی تحریرات بھی اس وقت سے دیکھتا ہوں جب کتاب براہین احمدیہ کا اشتہار سفیر ہند پریس امرتسر میں پادری رجب علی کے پاس چھپنے کے لئے گیا۔ پھر براہین احمدیہ کی بعض جلدیں بھی مطالعہ کیں جس سے مرزا صاحب کے بیان صداقت (دین حق) اور اظہار نکات و رموز قرآن کا قائل ہوگیا اور مرزا صاحب کے دعویٰ الہام کو بھی سچ مانتا رہا۔ مگر خیال یہ تھا کہ اس سے (دین حق) کے متروک شدہ عمل کو کیا فائدہ ہوا؟ اسی اثناء میں مرزا صاحب نے دعویٰ مہدیت و مسیحیت کر دیا۔ اور ...... بیعت لینی شروع کر دی۔ اب میں اس تجسس و تحقیق میں ہوا کہ آیا مرزا صاحب امام ہیں اور امام میں چار اوصاف کا ہونا ضروری سمجھتا تھا۔ کیونکہ امام کی فطرت نبیوں کے قریب قریب ہوتی ہے اور وہ اوصاف یہ ہیں۔ اس ریفارم [1] کا جس کے لئے مامور ہوا ہے پورا عامل اور سچا عاشق، ارادہ مستقل [2] ایسا کہ کوئی تکلیف جسمانی یا مالی یا کوئی سختی دنیاوی اس کو اپنے کام سے روک نہ سکے۔ کشش مقناطیسی [3]۔ شرف مکالمہ [4] اور تائید غیبی۔

اس کے بعد حضرت اقدس کی تصدیق کے لئے اول مجھے دو ہی معیار میسر تھے۔ حضرت کا مضبوط ارادہ سے ...... عملی اصلاح میں لگے رہنا۔ (2) جماعت کے بعض افراد کا سچے دل سے دین کی پیروی کرنے سے ان کے ریفارم کا اثر۔ بس یہی میرا مطلوب تھا یہی مقصود عرصہ تخمیناً تین سال سے خود قادیان حاضر ہو کر بیعت سے مشرف ہوا۔ پھر مجھ کو باقی دو امر بھی حضرت اقدس کی ذات میں تصدیق ہوگئے۔ میرا یہی یقین ہے کہ مامور کی کشش سعید فطرت دلوں کو اپنی طرف کھینچ سکتی ہے نہ کہ شقی القلب لوگوں کو خواہ وہ قادیان میں رہیں یا کہیں۔ (الحکم 10 مئی 1907ء ص 10)

مجلس موصیان اور وقف عارضی

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

''موصی صاحبان کا ایک بڑا گہرا اور دائمی تعلق قرآن کریم سیکھنے، قرآن کریم کے نور سے منور ہونے، قرآن کریم کی برکات سے مستفیض ہونے اور قرآن کریم کے فضلوں کا وارث بننے سے ہے۔ اسی طرح قرآن کریم کے انوار کی اشاعت کی ذمہ داری بھی ان لوگوں پر عائد ہوتی ہے .... اس لئے میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ تعلیم قرآن اور وقف عارضی کی تحریکوں کو موصی صاحبان کی تنظیم کے ساتھ ملحق کر دیا جائے اور یہ سارے کام ان کے سپرد کئے جائیں۔

اسی لئے آج میں موصی صاحبان کی تنظیم کا خدا کے نام اور اس کے فضل پر بھروسہ کرتے ہوئے اجرا کرتا ہوں۔ تمام ایسی جماعتوں میں جہاں موصی صاحبان پائے جاتے ہیں ان کی ایک مجلس قائم ہونی چاہئے۔ یہ مجلس باہمی مشورے کے ساتھ اپنے صدر کا انتخاب کرے۔ منتخب صدر جماعتی نظام میں سیکرٹری وصایا ہو گا۔ اور اس صدر کے ذمہ علاوہ وصیتیں کرانے کے یہ کام بھی ہوگا کہ وہ گاہے گاہے مرکز کی ہدایت کے مطابق وصیت کرنے والوں کے اجلاس بلائے۔ اس اجلاس میں وہ ایک دوسرے کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کریں جو ایک موصی کی ذمہ داریاں ہیں۔ یعنی اس شخص کی ذمہ داریاں جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کی بشارت ہمیں یہ بتاتی ہے کہ خدا کے سارے فضلوں اور اس کی ساری رحمتوں اور اس کی ساری نعمتوں کا وہ وارث ہے''۔ (الفضل 10 / اپریل 1969ء)

(مرسلہ: قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصار اللہ پاکستان)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تحریک جدید کا دائرہ کار

دین حق کی اشاعت کیلئے تحریک جدید کا دائرہ کار زمین کے کناروں تک ممتد ہوتا ہے جیسا کہ حضرت مسیح موعود کے الہامات سے واضح ہے۔

''میں تیری .... کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔''

مخلصین جماعت کو چاہئے کہ اس عالمگیر مہم کیلئے اس کے دائرہ کار کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے پیارے امام کے حضور اپنی مالی قربانیاں پیش کرنے کا اہتمام کریں جیسا کہ حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

''غرض ہمارا اشاعت (دین حق) کا کام ہر روز بڑھے گا اور اخراجات بھی بڑھیں گے جو آپ کو بہرحال برداشت کرنے پڑیں گے۔'' (سبیل ارشاد صفحہ 210)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو وقت کے تقاضے کے مطابق مالی قربانی پیش کرنے کی توفیق بخشے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

تکمیل قرآن ناظرہ

مکرم سید صادق احمد شیرازی صاحب صدر جماعت مونگ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی سیدہ سلمیٰ صدف صاحبہ نے چھ سال کی عمر میں دو دفعہ قرآن مجید کی تکمیل کر کے دوسرے پارہ کے چار رکوع تک باترجمہ پڑھ لیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا دل نور قرآن سے بھر دے اور اس کے معارف کو سمجھنے کی توفیق دے۔

نکاح

مکرم احمد حسین شاہد صاحب کارکن نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ ولد مکرم محمد حسین صاحب سابق خادم بیت مبارک ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد مبارک پر مکرم سید خالد احمد شاہ صاحب ناظر مال خرچ نے میرے بیٹے مکرم عمر محمود احمد صاحب اور میری ہمشیرہ مکرمہ صفیہ طاہرہ صاحبہ کی بیٹی مکرمہ نجمہ بانو صاحبہ کینیڈا کے نکاح کا اعلان مورخہ 18 دسمبر 2005ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں بعوض دس ہزار کینیڈین ڈالرز حق مہر پر کیا۔ مکرمہ نجمہ بانو صاحبہ محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم رحمت خان صاحب پیرکوٹ ثانی کی پوتی ہیں اور حضرت مولوی جلال الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے اس رشتہ کے باعث برکت ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

درخواست دعا

مکرم علیم الدین قمر صاحب دارالعلوم شرقی برکت تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے پوتے صباح الدین کے ہونٹ کا آپریشن کامیاب ہوگیا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے اور کاملہ صحت عطا فرمائے۔ آمین

نیز میرے خسر مکرم چوہدری صفدر علی صاحب بوجہ فالج صاحب فراش ہیں احباب جماعت ان کی کامل شفایابی کیلئے دعا کریں۔

مکرم مرزا منیر اللہ بیگ صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو گردے کی تکلیف کے ساتھ دل کی بھی تکلیف ہوگئی ہے پی آئی سی لاہور میں داخل کروایا گیا ہے احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

محترمہ ماریہ مرزا صاحبہ اہلیہ مکرم مرزا اعتراف احمد صاحب کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور شدید بیمار ہیں احباب سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

محترمہ مبارکہ اختر صاحبہ اہلیہ مکرم ظفر اقبال بھٹی صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور ایک ہفتہ سے بیمار ہیں شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم وقار احمد صاحب اور ان کی اہلیہ محترمہ نیلم وقار صاحبہ بیمار ہیں احباب سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم نذیر احمد راجوری صاحب صدر حلقہ مغل پورہ لاہور کچھ عرصہ سے دل کی تکلیف سے بیمار تھے احباب جماعت کی دعاؤں سے شفاء ہوئی لیکن کمزوری بہت زیادہ ہے۔ لہٰذا احباب جماعت سے صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم ملک محمود احمد صاحب حلقہ دارالذکر لاہور کو سانس کی تکلیف ہوگئی ہے جو کہ سردی کی وجہ سے ہوئی ہے سخت تکلیف میں ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

اعلان داخلہ

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور نے ایم ایس سی ان میڈیکل ٹیکنالوجی میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 25 فروری 2006ء ہے جبکہ داخلہ ٹیسٹ 4 مارچ 2006ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ یکم فروری 2006ء ملاحظہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

عبدالحلیم سحر صاحب

تحریک جدید ایک عظیم الشان انقلابی تحریک

الٰہی جماعتوں کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن کی ہر طرح آزمائش کرتا ہے اور پھر اُن کو کامیاب وکامران کرنے کے لیے خود آسمان سے ان کی مدد کے لیے فرشتے بھیجتا ہے جو ان کے حوصلوں کو بلند کرتے ہیں ان کو ہمت و طاقت عطا کرتے ہیں اس طرح آزمائشوں سے گزر کر اللہ کے درویش بندے کندن بن جاتے ہیں۔ پھر وقتاً فوقتاً اپنے پیارے بندوں کے ذریعہ (بنی نوع انسان پر اپنے فضل نازل کرنے کے لئے) مالی تحریکات جاری فرماتا ہے۔ تحریک جدید بھی ایسی ہی تحریک ہے جو آسمان سے اُتری ہے جس کے ذریعہ تمام اقوام عالم کو اللہ کے نور سے منور کرنا ہے۔

بانی تحریک جدید حضرت خلیفۃ المسیح الثانی تحریک جدید کے متعلق فرماتے ہیں

میرے ذہن میں یہ تحریک بالکل نہیں تھی۔ اچانک میرے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ تحریک نازل ہوئی۔ پس بغیر اس کے کہ میں کسی قسم کی غلط بیانی کا ارتکاب کروں میں کہہ سکتا ہوں کہ وہ تحریک جدید جو خدا نے جاری کی ہے۔ میرے ذہن میں یہ تحریک پہلے نہیں تھی میں بالکل خالی الذہن تھا۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے یہ سکیم میرے دل پر نازل کی اور میں نے اسے جماعت کے سامنے پیش کر دیا۔ پس یہ میری تحریک نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ تحریک ہے

(خطبہ جمعہ 1942ء الفضل)

پھر فرمایا:

میں اللہ تعالیٰ پر اس تحریک کی تکمیل کو چھوڑتا ہوں کہ یہ کام اسی کا ہے اور میں صرف اس کا ایک حقیر خادم ہوں لفظ میرے ہیں لیکن حکم اُسی کا ہے۔

(خطبہ جمعہ 15 نومبر 1935ء)

دیکھیں یہ تحریک کس قدر بابرکت اور عظیم الشان ہے جس کی ساری کی ساری بنیاد اللہ تعالیٰ نے خود اپنے ہاتھ سے رکھی روز روشن کی طرح اللہ کی قدرت کے نظارے جماعت احمدیہ تحریک جدید کے ثمرات کی صورت میں دیکھ رہی ہے آج اللہ کے دین کی مضبوطی کے لئے مالی قربانیوں کی اشد ضرورت ہے خوش قسمت اور خوش بخت ہیں وہ لوگ جو اللہ کی رضا کے ابدی وارث بننے کے لیے اس پھول کی طرح کِھلی ہوئی خوبصورت تحریک میں شامل ہو رہے ہیں۔

حضور فرماتے ہیں:۔

یہ باتیں ایسی ہیں کہ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے سوتے جاگتے اور کھاتے پیتے ہر وقت اور ہر لحہ اپنی بیویوں اور اپنے بچوں اپنے دوستوں اپنے عزیزوں اور اپنے رشتہ داروں کے کانوں میں ڈالنی چاہئے اور انہیں ان باتوں پر راسخ اور مضبوط کرنا چاہئے کہ ہماری جماعت خدا کی قائم کردہ جماعت اور خدا تعالیٰ کی قائم کردہ جماعتیں مشکلات کے بغیر ترقی نہیں کرتیں۔ پس ان باتوں کو دوہراؤ اور دوہراتے چلے جاؤ۔ یہاں تک کہ یہ باتیں تمہارا وظیفہ بن جائیں۔ اور اگر ایک چھوٹے سے بچے سے بھی سوال کیا جائے کہ احمدیت کی ترقی کا کیا ذریعہ ہے؟ تو وہ کہہ اُٹھے کہ ہم بغیر قربانی اور جان دینے کے ترقی نہیں کر سکتے اور میں اس کے لئے تیار ہوں۔ ایک عورت سے اگر پوچھا جائے تو وہ بھی یہی جواب دے غرض ہر شخص کے ذہن میں یہ باتیں ڈالی جائیں اور اس کے ماتحت جماعت میں ایسا ماحول اور بیداری پیدا کی جائے کہ قربانیاں کرنا کوئی مشکل کام نہ رہے۔

(رپورٹ مجلس مشاورت اپریل 1938ء)

پھر تحریک جدید میں شمولیت کی اہمیت کے متعلق آپ کا فکر انگیز ارشاد ہے۔ فرمایا:

گو اس تحریک میں شامل ہونا اختیاری ہوگا۔ مگر جو شخص شامل ہونے کی اہلیت رکھنے کے باوجود اس خیال کے ماتحت شامل نہیں ہوگا کہ خلیفہ نے شمولیت کو اختیاری قرار دیا ہے وہ مرنے سے پہلے اس دنیا میں یا مرنے کے بعد اگلے جہان میں پکڑا جائے گا۔ (-) میں سمجھتا ہوں کہ ہر وہ شخص جو اپنے اندر ایمان کا ایک ذرہ بھی رکھتا ہو میری اس تحریک پر آگے آجائے گا اور وہ شخص جو خدا تعالیٰ کے نمائندہ کی آواز پر کان نہیں دھرے گا اس کا ایمان کھویا جائے گا۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 9 نومبر 1934ء)

(خطبات محمود جلد 15 ص 365)

اس ارشاد کی روشنی میں جماعت کے ہر فرد کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اس بابرکت تحریک میں شامل ہو۔ اور اللہ کی خوشنودی کا وارث بنے۔ تحریک جدید وہ تحریک ہے جس نے اس دنیا کے نقشے بدلنے ہیں۔ ہزاروں میل پر بسنے والی قومیں گروہ در گروہ اس تحریک کے ذریعے اللہ کے دین کی طرف آئیں گے یہ جو گل عالم میں اللہ کے دین کے جھنڈے گاڑنے کے لیے اللہ کے درویش بندے مصروف عمل ہیں۔ یہ سارے ثمرات جو ان کے ذریعہ پک کر جھولیوں میں گر رہے ہیں۔ وہ تحریک جدید کے عظیم الشان درخت سے حاصل ہو رہے ہیں۔ ہر گھر میں والدین جائزہ لیں کہ وہ کس حد تک اس تحریک میں شامل ہیں کوئی بچہ ایسا نہیں ہونا چاہئے جو اس میں شامل نہ ہو۔ گھر کی ساری برکتیں اور اللہ کے فضل اسی انقلابی اور عظیم الشان تحریک کے ساتھ وابستہ ہیں اللہ کے فضل اور اس کی رضا آپ کے دروازے پر ہے دروازہ کھولیں اور اس کو گھر میں داخل کر لیں اپنا اور اپنے بچوں کا چندہ حالات اور تحریک جدید کی پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ضروریات کے مطابق معیاری لکھوائیں اور حسب توفیق سال ختم ہونے سے پہلے ادا کر دیں۔ اگر ہم اپنے دائیں بائیں دور و نزدیک نظر دوڑا کر دیکھیں تو یہ بات اور روز روشن کی طرح عیاں ہوگی کہ ہم ہی ایسے لوگ ہیں جن پر براہ راست اللہ کے پیار کی نظر اور حفاظت، امن اور سکون کا حصار ہے جو ہمیں ڈھانپے ہوئے ہے۔

پیارے آقا نے عہدیداران تحریک جدید کے فرائض کے متعلق فرمایا:

خدا تعالیٰ کے کام پریذیڈنٹوں اور سیکرٹریوں سے وابستہ نہیں ہوتے اور نہ قیامت کے دن خدا تعالیٰ کسی جماعت سے پوچھے گا کہ تمہارا پریذیڈنٹ یا سیکرٹری کیسا تھا بلکہ وہ افراد سے پوچھے گا کہ تم کیسے تھے اگر کسی جگہ کا پریذیڈنٹ یا سیکرٹری سست ہوگا۔ اور ان کی سستی کی وجہ سے لوگ تحریک میں حصہ لینے سے محروم رہیں گے۔ تو اللہ تعالیٰ انہیں معاف نہیں کرے گا بلکہ وہ کہے گا کہ تم میں سے ہر شخص سیکرٹری اور پریذیڈنٹ تھا اور تمہارا فرض تھا کہ جب کوئی پریذیڈنٹ یا سیکرٹری سستی میں مبتلا تھا تو تم خود اس کی جگہ کام کرتے۔ کسی جماعت کو اس بات پر مطمئن نہیں ہو جانا چاہئے کہ اس نے تحریک جدید میں حصہ لے لیا ہے بلکہ اسے اس وقت تک اطمینان کا سانس نہیں لینا چاہئے جب تک کہ اس میں ساری جماعتیں حصہ نہ لے لیں۔

اس سلسلہ میں عہدیداران کا فرض ہے کہ تحریک جدید کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنے کاموں کو اپنی ذمہ داریوں کو اللہ تعالیٰ سے مدد اور فضل مانگتے ہوئے ادا کریں۔ گھر کے ہر فرد تک پہنچیں اور تحریک جدید کی اہمیت ان کو بتائیں اس کی عظمت اور شان اور آنے والے دنوں کے مستقبل کی بنیاد ان کی اور ان کی اولادوں کے ذمہ ہے۔ اللہ کے حضور اس پیارے اور مقدس درخت کی آبیاری کی تو آسمانی پانی سے ہو رہی ہے یہ تو خوش قسمت ہیں کہ قطرہ قطرہ ڈال کر اس لازوال برکتوں کے وارث بن رہے ہیں اس کی برکتیں نسل در نسل بنی نوع انسان کو ملتی رہیں گی اس تحریک کی نسبت انسانیت کا مستقبل محفوظ ہے۔ اب 20 روپے یا 24 روپے دینے کا وقت نہیں ہے اب تو اپنا سب کچھ اس کی نظر کرنے کا وقت ہے۔ نوجوان جو ابھی برسر روزگار نہیں ہیں اور تحریک جدید میں شامل ہیں۔ وہ اپنا جائزہ لیں کہ ان کا ذاتی خرچ بعض اوقات روزانہ 50 سے 100 روپے تک دوستوں میں مل بیٹھ کر خرچ ہو جاتا ہو گا۔ اگر وہ تحریک جدید میں سنجیدگی سے شامل ہو کر کوشش کریں تو ان کے وعدے معیاری ہو سکتے ہیں اور وہ اپنے آپ کو اللہ کے فضلوں کے وارث بنا سکتے ہیں۔ اب تو گھر گھر یہ انقلاب رونما ہونا چاہئے کہ ہم اور ہمارا بچہ بچہ خواہ وہ ایک دن کا ہو اس کو تحریک جدید میں شامل ہونا چاہئے۔ تاکہ بنی نوع انسان کو اپنے حقیقی رب کے در پر لایا جا سکے۔ تحریک جدید کی اہمیت کے سلسلہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا ارشاد ہے۔

اس وقت جو کام ہمارے سپرد ہے وہ ایسا عظیم الشان ہے کہ جس کی مثال اس سے پہلے دنیا میں نہیں ملتی۔ حضرت مسیح موعود پکار رہے ہیں:

کہ اے مزدورو!!!

آؤ اس عمارت کی تکمیل کرو۔ مگر ہم میں سے بہت لوگ ایسے ہیں کہ جو بھاگتے پھرتے ہیں اور قربانیوں سے گریز کر رہے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے سامنے خوشی کے ساتھ کھڑا ہونے کا موقعہ نہیں ملے گا۔ جو لوگ خوشی کے ساتھ قربانیاں کریں گے اور خوشی کے ساتھ اپنے آپ کو اس کام میں وقف کر دیں گے۔ وہ (دین حق) کی آخری تعمیر میں حصہ لینے والے (دین حق) کے معمار ہوں گے اور وہی لوگ حضرت بانی سلسلہ کی جماعت میں سمجھے جائیں گے اور اگلے جہان میں اللہ تعالیٰ کے سامنے سرخرو ہوں گے۔ کیونکہ انہوں نے اپنا فرض ادا کر دیا۔

(تحریک جدید کے پانچ ہزاری مجاہدین۔ ص 19,18)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے تحریک جدید میں شامل ہونے والے بزرگوں کی اولاد ان کے نفوس میں ان کے مالوں میں بے شمار برکتیں نازل ہو رہی ہیں اور خدا کے فضل سے آج تحریک جدید کی بدولت جماعت اکناف عالم میں پھیل چکی ہے اور دن بدن ترقی کر رہی ہے۔ اب ان پیارے بزرگوں کی اولادوں کا فرض ہے کہ ان کے ناموں کو زندہ رکھیں اور اپنے گھروں کو اللہ کے فضلوں اور رحمتوں سے بھر لیں۔

پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس نے اپنے خطبہ جمعہ فروری 5 نومبر 2004ء میں فرمایا: اور آج ہم جو دنیا کے مختلف ممالک میں احمدیت کی ترقی کے نظارے دیکھ رہے ہیں یہ ان پہلے لوگوں کی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ جماعتی ترقی کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے انفرادی طور پر بھی ان لوگوں کی قربانیوں کو ضائع نہیں کیا۔ ان لوگوں نے اس وقت چند آنوں اور روپوں کی قربانیاں دی تھیں ان میں سے اکثر کی اولادیں آج بڑی آسودہ حال اور بہتر حالات میں ہیں۔ لاکھوں کما رہی ہیں۔ مالی لحاظ سے بڑی اچھی حالت میں ہیں۔ بعض ان میں سے شاید ایسے بھی ہوں گے جو تحریک جدید کے اس وقت کے بجٹ کے مطابق شائد آج کل بھی انفرادی چندہ دیتے ہیں لیکن ان لوگوں کی قربانیاں بھلائی نہیں جا سکتیں۔ اسی لیے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اظہار کیا تھا کہ تحریک جدید کے جو شروع کی قربانی کرنے والے ہیں ان کے کھاتوں کو تا قیامت زندہ رکھا جائے۔ ہمیشہ جاری رکھا جائے اور ان کی اولادیں یہ کام اپنے سپرد کر لیں اس ذمہ داری کو اٹھائیں اور ان کے کھاتے کبھی مرنے نہ دیں۔

وہ پانچ ہزاری مجاہدین جو تھے اس کے لیے دو دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے تحریک کی کہ ایسے لوگوں کی اولادیں کچھ ہوش کریں اور آگے آئیں اور اپنے بزرگوں کے کھاتے جو فوت ہو گئے۔ جنہوں نے قربانیاں دیں ان کھاتوں کو دوبارہ زندہ کریں ان کے نام رجسٹروں میں رہنا چاہئیں۔ ان کے نام کا چندہ جاری رہنا چاہئے۔ چند روپے ہی تھے وہ۔ لیکن ان کا نام بہر

حال رہنا چاہئے اور یہ تا قیامت رہنا چاہئے۔ آپ نے فرمایا تھا کہ اس وقت ان میں سے اکثریت یہ لوگ پانچ دس روپے دینے والے تھے۔ ایسا مشکل کام نہیں ہے کہ یہ کھاتے دوبارہ جاری نہ کئے جاسکیں۔ جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ بہتوں کے حالات اب ایسے ہیں کہ ان کے لیے کوئی مشکل بات نہیں کہ اپنے بزرگوں کے چندے دوبارہ دینا شروع کردیں۔

(روزنامہ الفضل 4 جنوری 2005ء)

قربانی کرنے والے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنا سب کچھ پیش کرنے والے لوگ ہمیشہ خدا کے خاص فضلوں اور رحمتوں کے وارث بنتے ہیں۔ وہ پیارا خدا کبھی بھی اپنے بندے کی طرف سے دی ہوئی ادنیٰ سی چیز کو بھی ضائع نہیں کرتا بلکہ اس سے اُس کی رحمت کے لازوال چشمے پھوٹتے ہیں۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ جس نے ایک کھجور بھی پاک کمائی میں سے اللہ کی راہ میں دی اور اللہ پاک چیز کو ہی قبول کرتا ہے تو اللہ اس کھجور کو دائیں ہاتھ سے قبول فرمائے گا اور اس کو بڑھاتا جائے گا۔ یہاں تک کہ وہ پہاڑ جتنی ہو جائے گی۔ جیسے تم میں کوئی اپنے چھوٹے سے بچھڑے کی پرورش کرتا ہے اور بڑا جانور بنا دیتا ہے۔

(بخاری کتاب الزکوٰۃ۔ باب لا یقبل اللہ صدقۃ من غلول)

اسی طرح ایک اور روایت میں ہے کہ۔

ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

دو شخصوں کے سوا کسی پر رشک نہیں کرنا چاہئے ایک وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس نے اس مال کو راہ حق میں خرچ کیا۔ دوسرے وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے سمجھ، دانائی اور علم وحکمت دی جس کی مدد سے وہ لوگوں کے فیصلے کرتا اور لوگوں کو سکھاتا ہے۔

(بخاری کتاب الزکوۃ باب انفاق المال فی حقہ)

تحریک جدید ایک انقلابی اور بابرکت تحریک ہے۔ اس میں شامل ہونے والے اپنے گھروں کو برکتوں سے بھریں گے اور یہ سلسلہ تا قیامت جاری رہے گا۔ سیکرٹریان تحریک جدید کو مسلسل محنت اور جانفشانی سے کام کرنا چاہئے۔ اپنے اپنے حلقہ میں گھر گھر جائیں اور اللہ کے لیے دروازے کھڑکھڑائیں اور ہر احمدی کو اس میں شامل کریں۔ کوئی اس آسمانی نظام سے باہر نہ رہ جائے۔

حضور انور نے خطبہ جمعہ فرمودہ 5 نومبر 2004ء میں دفتر پنجم کا آغاز فرمایا۔ 19 سال پورے ہو گئے ہیں۔ اس لیے آج سے دفتر پنجم کا آغاز ہونا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اب آئندہ سے جتنے بھی نئے مجاہدین تحریک جدید کی مالی قربانی میں شامل ہوں گے وہ دفتر پنجم میں شامل ہوں گے۔ ایک تو جیسا حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا کہ نئے بیعت میں شامل ہونے والوں کو احمدیت میں شامل ہونے والوں کو مالی قربانی کی عادت ڈالنی چاہئے۔ ایسے تمام لوگوں کو اب میں اس ذریعہ سے دفتر کو ہدایت کرتا ہوں کہ چاہے جو گزشتہ سالوں میں احمدی ہوئے ہیں لیکن تحریک جدید میں شامل نہیں ہوئے ان سب کو اب تحریک جدید میں شامل کرنے کی کوشش کریں اور ان کا شمار اب دفتر پنجم میں ہوگا۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا تھا اگر ان کو بتایا جائے کہ مالی قربانی دینی ضروری ہے اور ان کو بتائیں کہ تمہارے پاس جو یہ احمدیت کا پیغام پہنچا ہے یہ تحریک جدید میں مالی قربانی کرنے کی وجہ سے ہی پہنچا ہے اس لیے اس میں شامل ہو ں تا کہ اپنی زندگیوں کو بھی سنوارنے والے ہو اور اس پیغام کو آگے پہنچانے والوں میں شامل ہو جاؤ حصہ دار بن جاؤ۔

(روزنامہ الفضل 4 جنوری 2005ء)

تحریک جدید کی اہمیت کے متعلق حضور انور نے فرمایا:

حضرت مصلح موعود نے ایک وقت فرمایا تھا کہ تحریک جدید کا جو نظام ہے، تحریک ہے، یہ نظام وصیت کے لیے ارہاص کے طور پر ہے۔ یعنی اس کی وجہ سے نظام وصیت بھی مضبوط ہوگا۔ یہ مالی قربانیوں کی عادت ڈالنے کی بنیاد ہوگی۔ یہ پیش رو ہے یہ آگے چلنے والی چیز ہے، اطلاع دینے والا جو ایک دستہ ہوتا ہے۔ اس طرح لوگوں کو اطلاع دیتا چلا جائے گا کہ ایک عظیم نظام اس کے پیچھے آرہا ہے یہ نظام وصیت کہلائے گا۔ اور جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ نظام وصیت کے ساتھ نظام خلافت کا بھی بڑا گہرا تعلق ہے۔ اب اس نظام وصیت کے ساتھ قربانیوں کی عادت ڈالنے کے لیے تحریک جدید کا نظام ہی ہے اور پھر ان قربانیوں کے معیار بڑھنے سے حقوق العباد کے ادا کرنے کے معیار بھی بڑھیں گے۔ پس جماعتیں اس طرف بھرپور توجہ دیں۔ خاص طور پر توجہ دیں تا کہ آئندہ نظام وصیت بھی مظبوط بنیادوں پر اس قربانی کی وجہ سے قائم ہو۔

(روزنامہ الفضل 4 جنوری 2005ء)

آج کا معاشرہ عجیب بے چینی اور افراتفری کا شکار ہے مادہ پرستی نے معاشرہ کا حلیہ بگاڑ دیا ہے ان کے پاس کوئی نظام زندگی نہیں ہے جو آج کے انسان کو سنوار سکے ان کی اولادوں کے مستقبل کی ضمانت دے سکے لیکن صرف اور صرف ایک نظام زندگی ہے جو تمام بنی نوع انسان کے لیے تا قیامت امن اور آشتی روشن مستقبل، میں ہی دلوں کا اطمینان ہے جو انسان کو اس کے حقیقی معبود کی طرف لے جاتا ہے۔ وہ نظام دین حق کا نظام ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو دیا ہے۔

پیارے آقا حضرت مصلح موعود کا ارشاد ہے:

پس اے دوستو! دنیا کا نظام دین کو مٹا کر بنایا جارہا ہے تم تحریک جدید اور وصیت کے ذریعہ اس سے بہتر نظام دین کو قائم رکھتے ہوئے تیار کرو اور جلدی کرو کہ دوڑ میں جو آگے نکل جائے وہی جیتتا ہے۔

(نظام نو)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس عظیم انقلابی اور عظیم الشان تحریک جدید کے تمام ثمرات سے نوازے اور اولاد در اولاد اس کی برکتیں ہمیشہ آسمان سے نازل ہوتی رہیں۔

باقی صفحہ 6 پر

بیت الناصر بینن کا افتتاح

جماعت احمدیہ بینن کو 2005ء میں جن بیوت الذکر کی تعمیر کی بفضل اللہ تعالیٰ توفیق ملی ان میں بیت الناصر بھی ہے جو کولن ڈیپارٹمنٹ کے Yaoui گاؤں میں تعمیر ہوئی۔ یہ نومبائعین کا گاؤں بینن کے شہر Save سے 48 کلومیٹر جانب شمال سڑک پر واقع ہے یہاں کے مربی سلسلہ محترم اصغر علی صاحب بھٹی ہیں انہی کی زیر نگرانی اس بیت کی تعمیر ہوئی اور مورخہ 30 مئی 2005ء کو اس کا افتتاح عمل میں آیا۔

افتتاح کے موقع پر محترم خالد محمود شاہد صاحب امیر جماعت بینن کے ساتھ محترم عیسیٰ داؤد صاحب نائب امیر، مکرم ناصر احمد محمود طاہر، مکرم مجیب احمد صاحب منیر، مکرم عرفان احمد ظفر صاحب مکرم عبدالقدوس صاحب مربیان سلسلہ کے علاوہ نیشنل مجلس عاملہ کے 5 اراکین شامل ہوئے۔ یہ مرکزی وفد جونہی Yaoui گاؤں کی حدود میں داخل ہوا تو گاؤں کے خدام (جنہوں نے ''محبت سب کیلئے نفرت کسی سے نہیں'' والی سفید شرٹیں پہن رکھیں تھیں) نے اس قافلے کا استقبال کیا۔ کچھ دور تک جانے کے بعد امیر صاحب سمیت سب احباب گاڑیوں سے نکلے اور گاؤں والوں کے جوش اور جذبے میں شریک ہو کر پیدل چلنے لگے۔ گاؤں کے بادشاہ، ائمہ صدر صاحب اور سارا گاؤں کچی سڑک کے دونوں طرف لا الہ الا اللہ کا ورد کرتے اور نغمات گاتے ہوئے امیر صاحب کے ساتھ مصافحہ کر رہے تھے۔ پھر ڈھول کی آواز اور ان کے نغمات کی گونج سارے گاؤں میں سنائی دیتی تھی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ اس تقریب میں نہ صرف اس گاؤں کے احمدی افراد شامل تھے بلکہ تمام مذاہب اور قوموں کے افراد (جو اس گاؤں سے تعلق رکھتے تھے) بھی شامل تھے علاوہ ازیں قریبی گاؤں توئی کے بادشاہ اور امام بھی آئے ہوئے تھے۔

تلاوت کے بعد گاؤں کے بچوں نے ترانہ گایا اور پھر باری باری اس علاقہ کے سرکردہ افراد نے تقاریر کیں اور اس بات کا اظہار کیا کہ جماعت احمدیہ جو برکات لائی ہے اللہ کرے کہ اس میں سے ہمارا ہر فرد ضرور حصہ پائے۔

Yaoui کے صدر جماعت صاحب نے اپنی تقریر کے دوران بتایا کہ 2 سال قبل اس گاؤں میں خدا کا ایک بھی گھر نہ تھا۔ اور ہم تعمیر کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ خدا برکت دے جماعت احمدیہ کو اور ان کے امیر کو کہ ہر مشکل پر ہماری ہمت بڑھاتے رہے اور آج ہم خدا کے گھر کو تعمیر کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ پھر توئی گاؤں کے بادشاہ نے اپنی تقریر میں سب کے شکریہ کے ساتھ غانا جماعت کا بھی شکریہ ادا کیا کہ ان کے ذریعہ بینن میں پہلی بار جماعت احمدیہ آئی اور جماعت احمدیہ نے غانا میں بھی بیوت، ہسپتال اور سکول کھول کر ہم غریب عوام کی خدمت کی اور باقی افریقہ میں بھی یہ سلسلہ جاری ہے۔

بادشاہ کے بعد Yaoui کے قائد صاحب نے کہا کہ یہ بیت صرف بڑے بڑے سرداروں یا بڑے بڑے لوگوں کے لئے نہیں۔ اس میں ہر ایک بچہ بڑا آکر خدا کی عبادت کرسکتا ہے۔

مرکزی وفد میں سے محترم نائب امیر صاحب نے اپنی تقریر کے دوران ...... Yaoui اور پھر توئی گاؤں کے لئے خصوصی دعا کی تحریک کی کہ سب سے پہلے اس توئی گاؤں والوں نے بغیر کسی مشکل کے احمدیت کو قبول کیا۔ اللہ ان پر برکتیں نازل کرے اور ان کے ذریعہ برکات سارے بینن میں پھیل جائیں۔

اس موقع پر توئی کے بادشاہ نے بتایا کہ پرسوں یعنی 28 مئی 2005ء کو تمام بادشاہوں کی میٹنگ میں Atate (آتاتے) گاؤں کے بادشاہ نے کہا کہ ادھر ادھر گاؤں میں احمدیت چلی گئی ہے مگر ہمارے یہاں آتاتے گاؤں میں ابھی تک نہیں آئی۔ آتاتے میں بھی لوگ ہیں وہ بھی احمدیت کے پیاسے ہیں احمدی وہاں بھی پہنچیں اور اپنی خدمات سے انہیں بھی مستفیض کریں۔ ان تقاریر کے بعد محترم امیر صاحب بینن نے اپنے خطاب میں اللہ تعالیٰ اور لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔

تقریر کے بعد رسمی افتتاح کی غرض سے یادگاری تختی کی نقاب کشائی کیلئے تمام احباب بیت کے دروازے پر تشریف لے گئے۔ حاضرین کی موجودگی میں بادشاہ اور امام کے ہمراہ محترم امیر صاحب نے نقاب کشائی کی اور پھر دعا کر کے بیت میں داخل ہوئے اس دوران تمام احباب درود شریف کا ورد بلند آواز سے کر رہے تھے اور نعرہ ہائے تکبیر بھی لگائے جارہے تھے۔

یہ بیت 13x12 مربع میٹر کے رقبہ پر مشتمل 2.9 ملین فرانک سیفا کے خرچ سے تعمیر ہوئی ہے۔ اس میں گاؤں کے مرد وزن افراد نے بجری، ریت، مزدوری اور وقار عمل کے ذریعہ تقریباً 180,000 فرانک سیفا سے زائد رقم کی بچت کی۔

اس تقریب کے اختتام پر حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا اور بعد میں نماز ظہر با جماعت ادا کی گئی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس بیت کو اس سارے علاقہ کے لئے توحید کا مرکز بنادے اور یہاں سے احمدیت کا نور لوگوں کے دلوں کو منور کرے تا سبھی ماموِر زمانہ کو پہچان لیں۔ (آمین ثم آمین)

(الفضل انٹرنیشنل 2 دسمبر 2005ء)

برڈ فلو (Bird Flu) سے بچاؤ اور علاج

ڈاکٹر شمیم احمد صاحب

برڈ فلو یا پرندوں کا انفلوئنزا متعدی امراض کی ایک قسم ہے جو پرندوں میں وائرس کے ذریعہ بہت تیزی سے پھیل جاتا ہے۔ متعدی امراض وہ امراض ہوتے ہیں جو ایک دوسرے کو چھوت چھات اور میل جول کے نتیجہ میں لاحق ہو جاتے ہیں۔ بعض متعدی امراض جراثیم کے ذریعہ اور بعض وائرس کے ذریعہ پھیلتے ہیں۔ وائرس چھوٹے سے چھوٹے جراثیم کے مقابلہ میں بھی بہت چھوٹا ہوتا ہے اور عام خردبین سے بھی نہیں دیکھا جا سکتا۔ جراثیم کے مقابلہ میں وائرس کی بناوٹ بہت سادہ ہوتی ہے۔ وائرس پروٹین کے ایک خول سے بنا ہوتا ہے جس کے اندر DNA یا RNA موجود ہوتا ہے جو کہ جینیاتی مواد ہے جس پر اس کی زندگی کا انحصار ہوتا ہے اور اسی کی وجہ سے اس میں بیماری پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ وائرس بذاتِ خود زیادہ دیر تک زندہ نہیں رہ سکتا اور جب تک یہ کسی دوسرے خلیہ میں داخل نہیں ہوتا اس وقت تک اس کی افزائش نہیں ہو سکتی۔ جیسے ہی یہ کسی انسانی یا حیوانی خلیات میں داخل ہو جاتا ہے تو پھر بڑی تیزی کے ساتھ بڑھنا شروع کر دیتا ہے اور ان خلیات کے نارمل عمل کو ختم کر کے بے کار بنا دیتا ہے جس کے نتیجہ میں بیماری کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

برڈ فلو ایک متعدی مرض ہے جو ایسے وائرس سے پیدا ہوتا ہے جو عمومی طور پر پرندوں میں انفیکشن پیدا کرتا ہے۔ یاد رہے کہ مرغیاں اور بطخیں بھی پرندوں کی قسمیں ہیں۔ یہ وائرس بعض دفعہ سؤر کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔ برڈ فلو کا وائرس عام طور پر کسی پرندے کو بھی متاثر کر سکتا ہے مگر اس کا زیادہ تر شکار پولٹری والے پرندے یعنی مرغیاں اور بطخیں ہوتی ہیں۔ جب چند پرندوں میں یہ بیماری پیدا ہو جائے تو بڑی سرعت کے ساتھ باقی ماندہ پرندوں میں پھیل جاتی ہے۔ پرندوں میں یہ بیماری دو قسم کی ہوتی ہے۔ پہلی قسم میں بیماری اتنی شدید نہیں ہوتی اور اس کا اثر صرف یہ ہوتا ہے کہ پرندوں کے بال جھڑنے شروع ہو جاتے ہیں یا انڈے دینے میں کمی ہو جاتی ہے۔ دوسری قسم کی بیماری پرندوں پر بڑی شدت کے ساتھ حملہ کرتی ہے اور اکثر اس وائرس کے حملہ کے نتیجہ میں ایک دن کے اندر ہی سو فیصدی پرندے ہلاک ہو جاتے ہیں اور بڑی سرعت کے ساتھ آس پاس کے علاقوں کے پرندوں میں بیماری پھیل جاتی ہے۔ پرندوں میں اس قسم کی بیماری پہلی دفعہ 1878ء میں اٹلی میں دیکھی گئی تھی۔

انسانوں پر اثر

برڈ فلو کے وائرس کی کم از کم پندرہ اقسام ہیں جو وقتاً فوقتاً دنیا کے مختلف حصوں میں پرندوں میں ظاہر ہوتی رہتی ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں جس وائرس کی وجہ سے برڈ فلو پھیلا ہے اس کا نام سائنس دانوں نے H5N1 وائرس رکھا ہے۔ یہ سب سے زیادہ خطرناک وائرس ہے جو پرندوں میں بڑی تیزی کے ساتھ فلو پیدا کر کے اسے سب میں پھیلا دیتا ہے اور اس کے نتیجہ میں اکثر پرندے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ باقی اقسام کے مقابلہ میں H5N1 وائرس اس لئے بھی خطرناک سمجھا گیا ہے کہ یہ انسانوں پر بھی حملہ کر کے انہیں شدید بیمار کر سکتا ہے جس سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ یہ وائرس بے حد متلوّن مزاج ہے اور بڑی آسانی کے ساتھ اپنی حالت میں تغیر پیدا کر سکتا ہے اور ایک سے دوسرے پرندے پر حملہ آور ہو سکتا ہے۔ خوفناک بات یہ ہے کہ اگر یہ وائرس انسانی جسم میں داخل ہو جائے، بالخصوص ایسے انسان میں جس میں پہلے ہی انسانی انفلوئنزا کا وائرس حملہ کر چکا ہو تو دونوں وائرس مل کر ایک نئے وائرس کی صورت میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔ پھر یہ نیا وائرس انسانوں میں منتقل ہونا شروع کر دے گا۔ چونکہ یہ ایک نیا وائرس ہوگا اس لئے انسانی جسم کا نظامِ مدافعت اس نئے وائرس کو شناخت کر کے اس کا قلع قمع نہیں کر سکے گا اس لئے قوتِ مدافعت کی کمی کی وجہ سے بیماری کا حملہ بڑی شدت کے ساتھ ظاہر ہوگا۔ ایک سے دوسرے کو پھیلتے پھیلتے یہ بیماری ایک عالمگیر وباء کی خوفناک صورت اختیار کر سکتی ہے جیسا کہ 1918ء-1919ء میں ایک نئے قسم کے وائرس نے ساری دنیا میں تباہی پھیلا دی تھی اور تقریباً چالیس سے پچاس ملین لوگ انفلوئنزا کی وجہ سے لقمہ اجل بن گئے تھے۔ موجودہ دور میں دنیا بھر میں آمد و رفت کے زیادہ وسائل ہونے کے نتیجہ میں اس وائرس کے پھیلنے کے امکانات پہلے سے بہت زیادہ ہیں۔ اسی طرح شہروں کی گنجان آبادیوں میں بھی وائرس کے پھیلنے کے امکانات بڑے خوفناک نتائج پیدا کر سکتے ہیں۔

گزشتہ سو سال میں تین مرتبہ انفلوئنزا نے دنیا بھر میں تباہی پھیلائی جس کے نتیجہ میں کروڑوں انسان ہلاک ہوئے۔ سائنس دانوں کا خیال ہے کہ ایک اور ہمہ گیر وبا کے پھیلنے کے امکانات ہیں جس میں زیادہ تر نقصان ترقی پذیر ممالک میں ہوگا، جہاں پہلے ہی غذائیت کی کمی، کم معیاری صحت اور علاج معالجہ کے وسائل قریباً ناپید ہیں۔ ان کا اندازہ ہے ترقی یافتہ ممالک میں کم از کم کروڑوں انسان بیمار ہوں گے اور دس سے پندرہ لاکھ کو ہسپتالوں میں داخل ہونا پڑے گا اور پانچ لاکھ کے قریب موت کا شکار ہو جائیں گے۔

برڈ فلو کا اثر صحت کے علاوہ اقتصادیات پر بھی مرتب ہوتا ہے کیونکہ اس کے نتیجہ میں پولٹری میں بیماری پھیلنے کی وجہ سے یا تو وہ تباہ ہو جاتی ہے یا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے لاکھوں مرغیوں کو ہلاک کر دیا جاتا ہے۔ اس کے نتیجہ میں اقتصادی حالات پر بہت برا اثر پڑتا ہے کیونکہ کئی لوگوں کے کاروبار برباد ہو جاتے ہیں خاص طور پر ترقی پذیر ممالک میں جہاں یہ آمدنی اور خوراک کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ 1983ء-1984ء میں جب امریکہ میں برڈ فلو پھیلا تھا تو اس وقت مختلف پولٹری فارموں سے تقریباً ڈیڑھ کروڑ پرندوں کو ہلاک کرنا پڑا تھا جن کی قیمت تقریباً 65 ملین ڈالر بنتی تھی۔ جب ایک ملک میں یہ وبا پھیل جائے تو اس پر قابو پانا بڑا مشکل ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر 1992ء میں جب میکسیکو میں پرندوں میں یہ وبا پھیلی تھی تو اس پر قابو پانے میں تین سال لگ گئے تھے۔

برڈ فلو کی تاریخ

برڈ فلو پہلی دفعہ 1878ء میں اٹلی میں پرندوں میں پایا گیا۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے یہ امریکہ اور میکسیکو میں بھی پرندوں میں تباہی پھیلا چکا ہے۔ موجودہ وائرس H5N1 کے ذریعہ پہلی دفعہ برڈ فلو 1997ء میں ہانگ کانگ میں ظاہر ہوا جس نے انسانوں کو بھی متاثر کیا۔ اُس وقت 18 انسان اس فلو سے متاثر ہو چکے تھے جن میں سے چھ جانبر نہ ہو سکے۔ یہ پہلا موقعہ تھا کہ پرندوں کے وائرس نے براہ راست انسانوں کو متاثر کیا ہو۔ سائنس دانوں کا خیال ہے کہ وائرس پرندوں سے انسانوں میں داخل ہوا مگر انسان سے انسان میں داخل ہونے کے شواہد نہیں ملتے۔ اس وائرس پر قابو پانے کے لئے تقریباً پندرہ لاکھ مرغیوں کو ہلاک کر دیا گیا۔

1999ء میں ایک اور وائرس H9N2 نے ہانگ کانگ میں دو بچوں کو متاثر کیا مگر ان کی جان بچ گئی۔ اُس وقت بھی یہی خیال تھا کہ یہ وائرس پرندوں سے انسانوں میں منتقل ہوا ہے۔ 1998ء-1999ء میں چین میں بھی اس وائرس نے انسانوں پر حملہ کیا۔ 2003ء میں ہانگ کانگ میں پھر دو مریض پائے گئے جو چین کے سفر کے دوران اس بیماری کا شکار ہوئے۔ اُن میں سے ایک کی موت واقع ہو گئی مگر ایک خوش نصیب بچ نکلا۔

2003ء میں ہالینڈ میں پولٹری میں کام کرنے والے 80 آدمی اس بیماری سے متاثر ہوئے مگر اُن کی بیماری اتنی شدید نہ تھی اور صرف ایک آدمی ہلاک ہوا۔

2003ء میں ہانگ کانگ میں پھر ایک بچہ اس وائرس سے متاثر ہوا۔ تائیوان اور تھائی لینڈ میں بھی برڈ فلو کا بہت زور رہا تھا۔

ابھی حال ہی میں کمبوڈیا، ویت نام اور یورپ کے چند ممالک میں بھی اس وائرس کے آثار پرندوں میں پائے گئے ہیں۔ پاکستان میں بھی برڈ فلو پایا گیا ہے۔ کینیڈا اور روس میں بھی برڈ فلو ظاہر ہوا ہے۔ ایک روسی نے تو یہ بھی اندیشہ ظاہر کیا ہے کہ یہ ایک امریکی سازش ہے کہ روس کی معیشت پر اثر پڑے اور وہ مجبور ہو کر امریکہ سے مرغیاں درآمد کرے۔

اکتوبر 2005ء میں انگلستان میں بھی ایک طوطا جو کہ قارینطینہ میں تھا، اس بیماری سے ہلاک ہو گیا اس میں H5 والا وائرس پایا گیا۔

برڈ فلو کا پرندوں میں پھیلاؤ

یہ بیماری ایک پولٹری فارم سے دوسرے فارم میں بہت آسانی سے پھیل جاتی ہے، مرغیوں کی بیٹ میں بے شمار وائرس ہوتے ہیں جو زمین سے ہوا میں منتقل ہو کر پرندوں میں پھیلتے رہتے ہیں۔ جب پرندے سانس لیتے ہیں تو یہ وائرس ان کے جسم میں داخل ہو کر بیماری کا حملہ کر دیتے ہیں۔ اسی طرح پولٹری فارموں کی گاڑیوں، مختلف آلات اور جوتوں کے ذریعہ بھی یہ وائرس ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ وہ مقامات جہاں مرغیوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے وہاں بھی اس وائرس کے پھیلنے کے بہت امکانات ہوتے ہیں۔

اسی طرح جنگلی پرندے جو ایک جگہ سے دوسری جگہ موسموں کے لحاظ سے منتقل ہوتے رہتے ہیں یہ وائرس اپنے ساتھ لے کر ایک ملک سے دوسرے ملک میں پھیلانے کا موجب بنتے ہیں۔ جنگلی مرغابیاں اور بطخیں اپنے ساتھ یہ وائرس دور دراز کے مقامات تک پہنچا دیتی ہیں۔ ایسے وائرس پالتو پرندوں کے لئے بہت نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ اسی طرح ایک ملک سے دوسرے ملک میں پولٹری کی سپلائی کا کاروبار بھی اس وائرس کے پھیلاؤ کا سبب بنتا ہے۔

برڈ فلو کے پھیلاؤ پر کنٹرول

برڈ فلو کے پھیلاؤ پر کنٹرول کا ایک ہی طریق ہے کہ جس جگہ یہ بیماری ظاہر ہو وہاں کی ساری پولٹری کو فوری طور پر تلف کر دیا جائے اور ان کے اجسام کو مناسب اقدام کے تحت ٹھکانے لگایا جائے۔ اس کے علاوہ پولٹری کی خرید و فروخت اور نقل و حرکت پر سختی سے کنٹرول کیا جانا چاہئے تاکہ بیماری ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ منتقل ہو سکے۔ اس کے علاوہ فارموں میں مرغیوں کے پنجروں، گاڑیوں اور جوتوں میں موجود وائرس کو جراثیم کش ادویات سے ہلاک کرنے کی کوشش کی جانی چاہئے۔

بعض ممالک مثلاً جاپان اور کوریا نے بڑی کامیابی سے برڈ فلو پر قابو پا لیا تھا کیونکہ انہوں نے بڑی سرعت کے ساتھ تمام پولٹری کو ہلاک کر کے اور دوسرے ذرائع کو اختیار کر کے اس مشکل سے نجات حاصل کر لی تھی۔ جاپان اور کوریا میں جن ورکرز نے پولٹری کو تلف کیا تھا ان میں سے کوئی بھی اس بیماری کا شکار نہیں ہوا تھا۔ دوسرے ممالک میں کنٹرول پر کافی مشکلات پیش آسکتی ہیں خاص طور پر ان ممالک میں جہاں دور دراز علاقوں میں پولٹری فارم ہیں اور وسائل آمد و رفت محدود ہیں یا لوگ تعاون کرنے کے لئے تیار نہیں

ہوتے۔ بین الاقوامی ادارے مختلف ممالک کی رہنمائی کرتے رہتے ہیں کہ کس طرح کامیابی سے برڈ فلو پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

انسانوں کیلئے خطرہ

دنیا کے مختلف ممالک میں جو برڈ فلو ظاہر ہو رہا ہے وہ سائنس دانوں کے لئے بے حد تشویش کا باعث بن رہا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ H5N1 وائرس میں ایک تو بیماری پیدا کرنے کی صلاحیت بہت زیادہ ہے اور دوسرے اس بات کا بھی ثبوت مل رہا ہے کہ یہ وائرس پرندوں کے علاوہ انسانوں میں بھی انفلوئنزا پیدا کرسکتا ہے۔ یہ بات انسانوں کے لئے بہت بڑے خطرے کی حامل ہے۔اس بات کا امکان موجود ہے کہ اگر یہ وائرس انسانی فلو وائرس کے ساتھ مل جائے تو ان دونوں کے اتصال سے ایک بہت خطرناک قسم کا وائرس پیدا ہوسکتا ہے جو ایک انسان سے براہ راست دوسرے انسان میں منتقل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہوگا۔اس طرح کے وائرس سے دنیا بھر میں خوفناک وبا کے پھیلنے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔ایک اور تشویش ناک بات یہ بھی ہے کہ ہر سال فلو سے بچاؤ کے لئے جو ٹیکے تیار کئے جاتے ہیں وہ اس نئے قسم کے وائرس سے بچاؤ نہیں کر سکیں گے۔

اس وقت تک دنیا بھر میں جو ریسرچ ہوئی ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ برڈ فلو کے وائرس نے بہت کم انسانوں میں بیماری پیدا کی ہے اور اب تک جن انسانوں میں یہ بیماری ظاہر ہوئی ہے ان کی اکثریت اُن لوگوں کی ہے جو برڈ فلو سے متاثرہ علاقوں میں رہ رہے تھے یا اُن کا رابطہ ایسے پرندوں کے ساتھ تھا جو برڈ فلو کا شکار ہو چکے تھے۔اس قسم کی انفیکشن پہلی دفعہ ہانگ کانگ میں 1997ء میں ظاہر ہوئی تھی۔ابھی تک اس بات کے شواہد نہیں ملے کہ یہ وائرس ایک انسان سے دوسرے انسان میں منتقل ہوا ہو لیکن اگر خدانخواستہ ایسا ہوگیا تو یہ بہت بڑی تباہی کا موجب ہوگا۔

H5N1 کے علاوہ برڈ فلو وائرس کی دیگر اقسام سے بھی پیدا ہوسکتا ہے۔ابھی حال میں ہی پاکستان میں جو برڈ فلو ظاہر ہوا ہے وہ H7 اور H9 قسم کے وائرس کی وجہ سے ظاہر ہوا ہے جو اتنے خطرناک نہیں۔مشکل یہ ہے کہ کوئی حتماً نہیں کہہ سکتا کہ آئندہ کیا ہوگا۔اگر کوئی وائرس اپنی ہیئت بدل لے تو وہ ایک خطرناک وائرس کی صورت میں تبدیل ہوسکتا ہے اور اگر کوئی وائرس انسانوں میں منتقل ہونے کی صلاحیت حاصل کرلے تو وہ بے حد خطرناک نتائج پیدا کرسکتا ہے۔ان خوفناک نتائج سے بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ جہاں جہاں برڈ فلو ظاہر ہو وہاں تمام پولٹری کو فوری طور پر تلف کر دیا جائے اور اس کی نقل و حرکت پر پابندی لگادی جائے۔

انسانوں میں برڈ فلو کی علامات

برڈ فلو انسانوں میں مختلف علامات کے ساتھ ظاہر ہوسکتا ہے جن میں گلے کی خراش، کھانسی ،نزلہ زکام، بخار اور جسم میں دردیں وغیرہ شامل ہیں۔ بعض مریضوں میں ان علامات کے ساتھ آنکھوں میں انفیکشن بھی پیدا ہوسکتی ہے۔کچھ مریضوں میں سانس کی تکلیف اور نمونیہ بھی ظاہر ہوسکتا ہے۔اس صورت میں بعض دفعہ ایسی پیچیدگیاں پیدا ہونے کا احتمال ہے جو بالآخر جان لیوا ثابت ہوسکتی ہیں۔

برڈ فلو کا علاج

اس وقت چار قسم کی ادویات موجود ہیں جو وائرس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی انفیکشن کے علاج کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔ان میں سے دو برڈ فلو کے لئے مفید ہیں۔اگر خدانخواستہ برڈ فلو کی خوفناک وبا پھیل گئی تو عین ممکن ہے کہ ان ادویات کا سٹاک ختم ہوجائے۔

اس وقت برڈ فلو کے خلاف کوئی ویکسین موجود نہیں مگر سائنس دان دن رات ایسی ویکسین تیار کرنے میں مصروف ہیں جس کے استعمال سے برڈ فلو سے بچاؤ کی صورت پیدا ہوسکے۔

اس بیماری سے بچاؤ کے لئے عمومی صفائی کا بہت خیال رکھا جانا چاہئے،خاص طور پر ہاتھوں کی صفائی کا کیونکہ اکثر وائرس اور جراثیم ہاتھوں کے ذریعہ منتقل ہوتے ہیں۔ہاتھوں کے لئے ایسے محلول دستیاب ہیں جن کا استعمال بہت مفید ہے۔اس کے علاوہ ماسک کا استعمال اور ربڑ کے دستانے بھی انفیکشن سے کسی حد تک بچاؤ کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ بنی نوع انسان پر رحم فرمائے اور انہیں ہر قسم کے عذابوں سے محفوظ رکھے آمین۔

منیر احمد صاحب

میرے والد محترم مرزا محمد خان صاحب کی یاد میں

میرے والد صاحب 5 جنوری 1920ء کو صوبہ سرحد میں ضلع کوہاٹ کی تحصیل کرک (کرک اب ضلع بن چکا ہے) کے ایک بڑے گاؤں کریڈنڈ (Karridund) میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک تعلیم گاؤں کے ہائی سکول سے حاصل کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج کوہاٹ میں داخلہ لیا۔لیکن بارھویں جماعت میں کالج چھوڑ کر 1938ء میں برٹش رائل آرمی (British Royal Army) میں بھرتی ہو گئے اور اسی سال کے اواخر میں ہانگ کانگ کے محاذ جنگ پر بھیج دیئے گئے۔اس جنگ میں آپ کے بڑے بھائی گل احمد خان (اس وقت صوبیدار میجر) بھی آپ کے ہمراہ تھے۔

ہانگ کانگ میں تقریباً ڈیڑھ برس تک جنگ جاری رہی۔ اور آخر کار جاپانی فوج کے ہاتھوں برطانوی فوج کو شکست ہوئی اور آپ قید کر لئے گئے۔ تقریباً ساڑھے تین سال (تین سال پانچ ماہ اور گیارہ دن) قید رہے اور امریکہ نے جب جاپان پر ایٹم بم گرائے تو آپ کو رہائی نصیب ہوئی۔ اور آپ وطن واپس آئے۔ (دوران جنگ آپ اور آپ کے بھائی مشین گن کی گولیوں سے زخمی بھی ہوئے۔) وطن واپسی پر 1946ء میں آپ کی شادی ہوئی۔لیکن آپ کی اہلیہ 6 ماہ بعد ہی بیمار ہوکر وفات پا گئیں۔ پاکستان معرض وجود میں آیا۔ اور آپ نے زرعی فارم (Sindh Line Development) میں ملازمت اختیار کر لی۔ اس کے بعد ایک اور فارم (British Cotton Geruioang Association) میں ملازمت کی اور اس دوران جماعت احمدیہ کی مخالفت کرتے رہے۔لیکن اس مخالفت کے دوران ہی حضرت مسیح موعود کی کتب کا مطالبہ بھی کرتے رہے۔ اور آخرکار حضرت مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ امیر جماعت احمدیہ سرگودھا کی تحریک پر ان کے ساتھ جا کر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دست مبارک پر 5 مئی 1964ء کو بیعت کرلی اس کے بعد اہل خاندان نے آپ کا مکمل بائیکاٹ کر دیا۔ جو کہ تادم مرگ جاری رہا۔ان حالات میں کراچی آ کر کاروبار شروع کر دیا۔اور 1968ء میں دوسری شادی کی۔ 22/اکتوبر 1970ء میں خاکسار کی ولادت ہوئی۔اور اسی دوران پنجاب منتقل ہو گئے۔ وہاں سے خاندان والوں سے ایک بار پھر رابطہ کرکے غلط فہمیاں دور کرنے کی کوشش کی۔لیکن یہ کوشش بارآور ثابت نہ ہوسکی۔

10 جولائی 1978ء کو آپ کی اہلیہ (میری والدہ محترمہ) وفات پا گئیں ستمبر تا نومبر 1987ء سرگودھا ڈسٹرکٹ جیل میں آپ بطور اسیر راہ مولیٰ بھی رہے۔ دو ماہ اور تین روز کے بعد آپ کی ضمانت ہوئی۔ جبکہ یہ کیس تقریباً اڑھائی سال یعنی 1990ء تک چلتا رہا۔ اور آخرکار جنوری 1990ء میں محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آپ اور آپ کے ساتھی باعزت بری قرار دئے گئے۔اس اسیری کے دوران ایک پیشی پر وکیل کی عدم موجودگی میں جب آپ سے سوالات کئے گئے تو آپ نے سیشن جج کی عدالت میں جو مدلل بیان دیا آج بھی سرگودھا کی جماعت کے احباب کو یاد ہے اور اس کی وجہ سے جج صاحب نے فوراً آپ کی ضمانت منظور کرلی۔

1983ء میں آپ کو سرگودھا کی جماعت میں معلم کے طور پر تعینات کیا گیا۔جہاں آپ نے 1990ء تک خدمات انجام دیں۔ اس کے بعد 1997ء تک کراچی میں قیام کیا۔اور پھر خاکسار کی شادی ہوئی اور اس کے بعد سے حیدرآباد میں سکونت پذیر ہوئے۔اور آخرکار یہیں پر 14 جون 2005ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔ جب 85 سال کی عمر میں آپ کی وفات ہوئی تو اس سے صرف 2 روز قبل بھی شام کو آپ قرآن مجید کی تعلیم دے کر آئے تھے۔اس کے علاوہ حضرت مسیح موعود کی تقریباً تمام کتب کے مطالعہ کا بھی آپ کو شرف حاصل ہوا۔

اب میں تمہیں پہچانتا ہوں

حضرت امام غزالی تحریر فرماتے ہیں:۔

حکایت ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے میں غفلت کیا کرتا تھا۔اس نے ایک رات خواب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپ نے اس کی طرف بالکل التفات نہ فرمایا۔ وہ شخص کہنے لگا کہ اے رسول خدا! کیا آپ مجھ سے ناراض ہیں۔آپؐ نے فرمایا کہ نہیں۔اس نے عرض کیا کہ پھر آپؐ میری طرف دیکھتے کیوں نہیں؟ نبیؐ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کہ میں تو آپ کو پہچانتا نہیں۔ اس شخص نے عرض کی کہ میں آپؐ کا ایک امتی شخص ہوں پھر آپ مجھے کیوں نہیں پہچانتے؟ ہمیں تو علماء نے بتلا رکھا ہے کہ رسول اللہؐ اپنے امتیوں کو اس سے زیادہ پہچانتے ہیں جتنا ماں اپنے بچوں کو پہچانتی ہے۔ نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علماء نے تو سچ بتلایا ہے کہ لیکن تم مجھے درود کے ساتھ بالکل یاد نہیں کرتے۔ میں تو اپنے امتیوں کو ان کے درود شریف کی مقدار کے مطابق پہچانتا ہوں۔

اس پر وہ شخص بیدار ہوگیا۔اس نے اپنے اوپر فرض کرلیا روزانہ دن میں سو مرتبہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا کرے گا۔ چنانچہ وہ اس پر عمل کرتا رہا۔ بعدازاں اس نے پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔آپؐ نے فوراً فرمایا کہ اب میں تمہیں پہچانتا ہوں۔ اب میں تمہاری شفاعت کروں گا۔" (مکاشفۃ القلوب مطبوعہ مصر ص 22)

> ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم ہر صدی کے آغاز پر یہ دیکھیں کہ ہمارا قدم پچھلی صدی کے ساتھ ملا ہوا ہے یا نہیں اور ہمارا اخلاق اور عملی فاصلہ کہیں بڑھ تو نہیں رہا
> (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

(بقیہ صفحہ 4)

احباب کے لیے دفاتر کی تقسیم تحریر ہے۔

1۔ دفتر اول: نومبر 1934ء تا اکتوبر 1944ء
2۔ دفتر دوم: نومبر 1944ء تا اکتوبر 1965ء
3۔ دفتر سوم: نومبر 1965ء تا اکتوبر 1985ء
4۔ دفتر چہارم: نومبر 1985ء تا اکتوبر 2004ء
5۔ دفتر پنجم: نومبر 2004ء تا۔۔۔۔۔۔۔

سے شامل ہونے والے دفتر پنجم کے مجاہدین کہلائیں گے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 55251 میں Abdul Hakeem

S/O Abd Rahmeem

پیشہ تجارت عمر 36 سال بیعت 1989ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 18-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6300 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت Income مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Abdul Hakeem گواہ شد نمبر 1 حافظ مصلح الدین گواہ شد نمبر 2 Hassan

مسل نمبر 55252 میں Abdul Hafeez

ولد Omoyele پیشہ طالب علم عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 18-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 نائیجیرین کرنسی بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Abdul Hafeez گواہ شد نمبر 1 Hassan گواہ شد نمبر 2 حافظ مصلح الدین

مسل نمبر 55253 میں Salaudin Adejuvji Adeputu

ولد Adeputu پیشہ انجینئرنگ عمر 55 سال بیعت 1972ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 15-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت Income مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Salaudin Adejuvji گواہ شد نمبر 1 Mohammad Hash,m Uthman گواہ شد نمبر 2 Abdul Hakeem

مسل نمبر 55254 میں Abdul Waheed

ولد Alhaji Lateef پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 19-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2800 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Abdul Waheed گواہ شد نمبر 1 حافظ مصلح الدین گواہ شد نمبر 2 Ali Isola Yusuf

مسل نمبر 55255 میں Nasirudeen

ولد Abdul Raheem پیشہ فوٹو گرافر عمر 53 سال بیعت 1969ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 3-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/12500 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Nasirudeen گواہ شد نمبر 1 حافظ مصلح الدین گواہ شد نمبر 2 Ali Isola Yusuf

مسل نمبر 55256 میں Mudathir.o

